National Accountability Bureau
Islamabad

****

Dated: 22nd March, 2024

پریس ریلیز

خود کو نیب کے اعلٰی حکام ظاہر کرکے دھوکہ دینے والوں سے عوام ہوشیار رہیں

نیب کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق بعض جعلساز عناصر کے بارے میں یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ خود کو نیب کے اعلٰی حکام ظاہر کرکے مختلف سرکاری افسران اور افراد کو بلیک میل کررہے ہیں اورٹیلی فون، واٹس ایپ کال وپیغامات اور دیگرہتھکنڈوں سے ان پر دباؤ ڈال کرغیر قانونی رعایت حاصل کرنے اور ان سے رقم بٹورنے میں ملوث پائے جا رہے ہیں -

اس ضمن میں کچھ ملزمان کو فوری طور پر گرفتا کیا گیا ہے اور دیگر کے خلاف قانونی کاروائی جاری ہے

نیب کی جانب سے عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص نیب کے کسی اعلٰی حکام کا روپ دھار کر ذاتی طور پر یا کسی بھی ذریعے سے رابطہ کرتا ہے اور کسی کام یا ذاتی مفاد کے لیے بلیک میل کرتا ہے توایسی کسی بھی فون کال یا ہتھکنڈوں پر کان نہ دھریں اورفوری طور ڈپٹی چیئرمین نیب آفس فون نمبر03335753751 / 051 -9210851 پررابطہ کرکے اطلاع دی جائے۔